Published Simultaneously from Bangalore, Hubli & Gulbarga



بنگلور روزنامہ سالار

ಸಾಲಾರ್
ದಿನ ಪತ್ರಿಕೆ ಬೆಂಗಳೂರು

SALAR
DAILY BANGALORE



22294013,22275115/6 Fax: 22232309 Estd:1964 | شمارہ:89 | جلد:48 | جمعرات ۵ جمادی الاول ۱۴۳۳ھ 29 مارچ 2012 | صفحات:12 | قیمت:3-00 | 29-03-2012 | dailysalarbangalore@gmail.com




محسن شریف ایجوکیشنل اینڈ چاریٹیبل ٹرسٹ ®

Mohsin Shariff Educational & Charitable Trust ®

MSECT ®

انسانیت، دوستی اور امن


# سرکاری نظامِ تعلیم میں تاریخی ساجھے داری، اردو زبان و تعلیم کی ترقی کی جانب محسن ٹرسٹ کا انقلابی اقدام

# شہر بنگلور و میسور کے 250 سرکاری اُردو اسکولوں کی بقا وہمہ جہت ترقی کے لئے انھیں گود لیا گیا

**محسن شریف** ایجوکیشنل اینڈ چاریٹیبل ٹرسٹ نے شہر بنگلور ومیسور کے تقریباً 250 سرکاری اُردو اسکولوں کو حکومتِ کرناٹک کی شالے دھتو یوجنا اسکیم (Shale Dhattu Yojane Scheme) کے تحت گود لیا ہے۔ ٹرسٹ اپنے دس نکاتی پروگرام کے تحت مکمل امداد فراہم کر کے انھیں جدید تری اسکولوں کے ہم معیار بنائیگا۔ گود لئے گئے اسکولوں کی ہمہ جہت تعلیمی، تعمیری سرگرمیوں کی دیکھ بھال و ترقی کی جائے گی۔ کمپیوٹر کی تعلیم کو یقینی بنایا جائیگا۔ محسن ٹرسٹ کے School Adoption عظیم مقصد یہ ہے کہ سماج کے پچھڑے ہوئے طلباء تعلیم کی طرف راغب ہوں اور اعلیٰ تعلیم سے آراستہ کر مستقبل میں ملک کو صحیح قیادت فراہم کریں۔

## محسن شریف کو کیمپے گوڑا ایوارڈ

MSECT کے رفاہی خدمات بلاتفریق مذہب وذات جاری ہیں جس کی پذیرائی گورنمنٹ اور ہر قوم وملت کے احباب کرتے آرہے ہیں MSECT چیرمین جناب محسن شریف کی قومی خدمات کے اعتراف میں حکومت نے "کیمپے گوڑا ایوارڈ برائے سال 2011" تفویض کیا ہے۔

## سرکاری اُردو اسکول خطرے میں

مسلمانوں کا بیشتر مذہبی وتاریخی لٹریچر چونکہ عربی و اُردو زبان ہی میں موجود ہے، مسلمانوں کی نئی نسل کو ان کے تاریخی ومذہبی ورثہ سے جوڑنے کے لئے اُردو زبان جاننا ناگزیر ہے۔

(باقی صفحہ آخر پر)

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ، نئے صبح وشام پیدا کر
خدا اگر دل فطرت شناش دے تجھ کو
سکوت لالہ وگل سے کلام پیدا کر
میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر
علامہ اقبالؒ


## ضرورت مند اسکول فوری درخواست دیں

MSECT کا ایک لاکھ اسکولی طلبہ کو دوپہر کا کھانا فراہم کرنے کا منصوبہ

ایسے سرکاری، ایڈیڈ، اور خانگی اسکول (Aided, Un-aided & Govt.) جنھیں گود نہیں لیا گیا ہے وہ بھی اگر کھانے اور پینے کے صاف پانی کی سہولت سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہوں تو ہمیں ایک درخواست 15 اپریل 2012 سے پہلے روانہ کرویں تا کہ آنے والے تعلیمی سال یعنی جون 2012ء سے یہ سہولت اُن کے لئے بھی شروع کی جاسکے۔

Mohsin Shariff Educational & Charitable Trust
#269,14th Cross, CMH Road, Indira Nagar 2nd Stage,
Bangalore - 560 038. Phone No : 080-25295040
Fax : 080 - 25212442 Email: chairman@msect.org








